**Series : SGN/C**

**SET-4**

**Code No. 30**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

**Roll No.**

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

وقت : 3 گھنٹے

*Time allowed : 3 hours*

کُل نمبر : 100

*Maximum marks : 100*

1. درج ذیل میں سے کسی **ایک** اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

(الف)

میری تعلیم کا تصوّر ان کے ذہن میں وہی تھا جو انھوں نے خود حاصل کی تھی۔ قرآن حفظ کرنا اور اردو فارسی کی تھوڑی شُدبُد تا کہ بڑا ہو کر میں بھی ان کی طرح امامت کا پیشہ اختیار کر سکوں، مگر یہ خانہ بدوشانہ زندگی جو میرے والد نے اختیار کر رکھی تھی، اس نے کبھی مجھے ایک طرح کی تعلیم پر نہیں جمنے دیا۔ کبھی سرکاری اسکول میں داخل کر دیا جاتا تھا، کبھی قرآن حفظ کرنے پر لگا دیا جاتا تھا اور بس۔ دن رات اسی طرح گزرتے چلے جا رہے تھے۔ ان



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

تصویروں میں جن کا تعلق میرے ذہنی پس منظر سے ہے ایک تصویر میرے ذہن میں بہت واضح ہے۔ میں ایک بیل گاڑی کے پاس کھڑا ہوں۔ ہم ایک گاؤں چھوڑ کر دوسرے گاؤں میں جا رہے ہیں۔ ہمارا سامان بیل گاڑی میں لادا جا رہا ہے اور میں یہ منظر بڑی بے بسی کے ساتھ دیکھ رہا ہوں۔ بے بسی اس لیے کہ میں یہ گاؤں چھوڑنا نہیں چاہتا تھا۔ اس گاؤں کا نام رکڑی تھا۔ یہاں بہت سے جوہڑ تھے۔ جوہڑوں میں کنول اور نیلوفر کھلتے تھے۔ سب طرف آموں کے گھنے باغ تھے۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(ii) مصنف کی تعلیم کے بارے میں اس کے والد کے ذہن میں کیا تصور تھا ؟

(iii) مصنف کی تعلیم کا سلسلہ ایک سمت میں جاری کیوں نہیں رہ سکا ؟

(iv) مصنف نے اپنی بے بسی کے بیان میں کون سا منظر کھینچا ہے ؟

(v) گاؤں رکڑی میں ایسا کیا تھا جس کی وجہ سے مصنف اسے چھوڑنا نہیں چاہتا تھا ؟

(ب)

جب علی گڑھ میں ایم۔اے۔ کرنے کے دوران تنقید کے پرچے سے ہمارا سابقہ پڑا تو ہم نے کلیم الدین احمد کی کتابیں ''اردو تنقید پر ایک نظر'' اور ''اردو شاعری پر ایک نظر'' غور سے پڑھیں۔ اسی زمانے میں ہم نے اردو ناقدین کی ایک پیروڈی ''کپور کا فن'' کے عنوان سے لکھی۔ اس میں کلیم الدین احمد کے انداز بیان کا بھی چربہ اڑایا جو بے حد پسند کیا گیا۔ سرسیّد ہال میگزین ''اسکالر'' کا میں ایڈیٹر تھا۔ اس کا پیروڈی نمبر نکالا۔ پہلی بار یہ پیروڈی اس میں یا علی گڑھ میگزین میں شائع ہوئی تھی۔ کلیم صاحب کے ایک شاگرد ہمارے دوست تھے۔ ان کے اصرار پر ہم نے وہ رسالہ کلیم صاحب کو ڈاک سے بھیج دیا۔ ان صاحب کا کہنا تھا کہ کلیم صاحب کو خط کا جواب دینے کی عادت نہیں ہے مگر وہ بہت پڑھتے ہیں اور آپ کا مضمون ضرور پڑھیں گے اور پسند کریں گے۔ خلافِ توقع چند دن بعد مجھے



collegedunia India's largest Student Review Platform

کلیم صاحب کا ایک خط ملا ----- ایک طالب علم کی اس سے بڑھ کر کیا حوصلہ افزائی ہوسکتی تھی۔ خوشی کے مارے برا حال تھا۔ احباب اور اساتذہ میں کئی دن کلیم صاحب کے خط کی نمائش کا سلسلہ جاری رہا اور بار بار دوستوں کو چائے پلانا پڑی۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(ii) ایم۔اے۔ کے دوران مصنف نے کلیم صاحب کی کن دو کتابوں کا مطالعہ کیا ؟

(iii) مصنف نے 'کپور کا فن' نام کے مضمون میں ایسا کیا لکھا جسے بے حد پسند کیا گیا ؟

(iv) کلیم صاحب کو وہ رسالہ کیوں بھیجا گیا ؟

(v) کلیم صاحب کا خط پاکر مصنف کو بے انتہا خوشی کیوں ہوئی ؟

collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

2. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے : **5**

(i) بلونت سنگھ کے افسانے 'لمحے' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

(ii) غالب کے خطوط کی خصوصیات بیان کیجیے۔

3. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **10**

(i) پنچایت کے فیصلے کے بعد ہوری نے اپنے گھر کے افراد کو کس بات کی وصیت کی ؟

(ii) رپورتاژ پودے میں ڈاکٹر عبدالعلیم کے کردار کی کون کون سی خصوصیات بیان کی گئی ہیں ؟

(iii) خوجی اور آزاد کے کرداروں میں کیا مطابقت ہے ؟ واضح کیجیے۔

(iv) زرد پتوں کی بہار میں اپنے ماضی کے بارے میں رام لعل نے جو باتیں لکھی ہیں انھیں اپنے لفظوں میں لکھیے۔



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

4. درج ذیل میں سے کسی ایک شعری حصّے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 10

(الف)

میں ایک حادثہ بن کر کھڑا تھا رستے میں
عجب زمانے مرے سر سے تھے گزرتے ہوئے

ہوگا افسردہ ستاروں میں کوئی نالۂ صبح
غنچہ و گل میں کہیں باد سحر بھی ہوگی

اب بھاگتے ہیں سایۂ عشق بُتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم

ہم سے پوچھو کہ غزل کیا ہے، غزل کا فن کیا
چند لفظوں میں کوئی آگ چھپا دی جائے

انھی گلرنگ دریچوں سے سحر جھانکے گی
کیوں نہ کھلتے ہوئے زخموں کو دعا دی جائے

(i) حادثہ بن کر راستے میں کھڑا ہونے سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

(ii) افسردہ ستاروں میں نالۂ صبح کے ہونے کا مطلب کیا ہے ؟

(iii) شاعر نے عشق کے سایے سے بھاگنے کی کیا وجہ بتائی ہے ؟

(iv) شاعر نے غزل میں کن خصوصیات کی موجودگی کو ضروری قرار دیا ہے ؟

(v) گل رنگ دریچوں سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟



collegedunia
India's largest Student Review Platform

(ب)

نہ دیکھ ان استخواں ہائے شکستہ کو حقارت سے
یہ ہے گور غریباں، اک نظر حسرت سے کرتا جا
نکلتا ہے یہ مطلب لوح تربت کی عبارت سے
''جو اس رستے گزرتا ہے تو ٹھنڈی سانس بھرتا جا''

..............................

حقیقت غور سے دیکھی جو ان سب مرنے والوں کی
تو ایسا ہی نظر آنے لگا انجام کار اپنا
انھی کی طرح جیسے مل گئے ہیں خاک میں ہم بھی
یونہی پرسان حال آ نکلا ہے اک دوستدار اپنا

..............................

یہ اس سے ایک دہقانِ کہن سال آ کے کہتا ہے
کہ ہاہاں، خوب ہم واقف ہیں دیکھا ہے اسے اکثر
پھر اس کے بعد دل ہی دل میں غم کھا کے کہتا ہے
کہ اب تک پھرتا ہے آنکھوں میں پھرنا اس کا سبزے پر

(i) درج بالا بند کس نظم سے لیے گئے ہیں اور اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) شاعر استخواں ہائے شکستہ کو حقارت سے دیکھنے کے لیے کیوں منع کر رہا ہے؟

(iii) لوح تربت کسے کہتے ہیں؟

(iv) کہن سال دہقان کیا کہتا ہے؟

(v) درج بالا اشعار میں شاعر نے کیا کہا ہے؟ بیان کیجیے۔



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

.5 درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **5**

(i) معین احسن جذبی کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) اقبال کی نظم روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے، کا مرکزی خیال لکھیے۔

.6 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **10**

(i) کھیتوں سے بغاوتوں کی سپاہ اُگنے سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

(ii) نظم 'وقت کا ترانہ' میں سرخ پرچم کس بات کی علامت ہے ؟

(iii) جاں نثار اختر کی غزل گوئی کے امتیازات لکھیے۔

(iv) نظم ارتقا میں شاعر نے انسان کی ترقی کے سلسلے میں کن رکاوٹوں کا ذکر کیا ہے ؟

.7 درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **4**

(i) ڈراما یہودی کی لڑکی کے اہم کرداروں کے بارے میں اپنی رائے لکھیے۔

(ii) ویکوم محمد بشیر کے افسانے 'جنم دن' کا خلاصہ لکھیے۔

.8 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **6**

(i) ناول بیوہ سے کیا پیغام ملتا ہے ؟

(ii) انشائیہ 'مرحوم کی یاد' میں مرحوم کسے کہا گیا ہے اور کیوں ؟

(iii) چھینک آنے پر چیرویاکوف کا ردِعمل کیا تھا ؟

(iv) نرمل ورما نے بوڑھے مچھوارے کی تصویرکشی کس انداز میں کی ہے ؟



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

9. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے : 20

(i) سرسیّد تحریک کی ادبی خدمات لکھیے۔

(ii) اردو زبان کے آغاز اور ارتقا پر ایک مضمون لکھیے۔

(iii) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(iv) دبستانِ دہلی اور دبستانِ لکھنؤ کی امتیازی خصوصیات لکھیے۔

10. درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے : 15

(i) غزل کی تعریف اور اس کے عناصر بیان کیجیے۔

(ii) اقبال کی نظم گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

(iii) قرۃ العین حیدر کی افسانہ نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

(iv) مولانا الطاف حسین حالؔی کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

11. درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کے لکھیے : 5

(i) درج ذیل ادیبوں میں انشائیہ نگار کون ہے ؟

(a) پریم چند

(b) بلونت سنگھ

(c) پطرس بخاری



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

(ii) 'سکون کی نیند' کا مصنف کون ہے؟

(a) بلونت سنگھ

(b) اقبال مجید

(c) شفیع جاوید

(iii) ملکِ بے سحروشام کس کی نظم ہے؟

(a) ن۔م۔ راشد

(b) عمیق حنفی

(c) راجندر منچند ابانی

(iv) اس صنف کا نام بتایئے جس میں ادیب اپنی زندگی کے حالات بیان کرتا ہے؟

(a) سفرنامہ

(b) افسانہ

(c) آپ بیتی

(v) ناول 'امراؤ جان ادا' کے مصنف کا نام لکھیے۔

(a) احتشام حسین

(b) پریم چند

(c) مرزا محمد ہادی رسوا

---



collegedunia.com India's largest Student Review Platform